



DAR-UL-MADINAH

INTERNATIONAL ISLAMIC SCHOOL SYSTEM

سہ ماہی

# ای نیوزلیٹر

اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۵ء



اس نیوزلیٹر کا پرنٹ ہرگز نہ نکالیے،
کیونکہ اس میں جاندار کی تصاویر ہیں اور
جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالنا شرعاً جائز نہیں۔

www.darulmadinah.net | Follow us on

# نُورِ ہدایت

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ اِلَی
الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا الَّذِیۡ بٰرَکۡنَا حَوۡلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنۡ اٰیٰتِنَا ؕ

ترجمہ کنزالعرفان

پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے خاص بندے کو رات کے کچھ حصے میں
مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک سیر کرائی جس کے ارد گرد ہم نے برکتیں
رکھی ہیں تاکہ ہم اسے اپنی عظیم نشانیاں دکھائیں۔

پارہ 15، آیت: 1






اللہ پاک کے آخری نبی صَلَّی اللہُ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا:

**بَیْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِیتُ بِمَفَاتِیحِ**
**خَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَتْ فِي يَدِی**

یعنی میں سو رہا تھا کہ زمین کے تمام خزانوں کی کنجیاں لاکر میرے ہاتھ پر رکھ دی گئیں۔

﴿بخاری، ج2، ص303، حدیث:2977﴾



# پیغام: سی ای او دارالمدینہ

## ڈاکٹر دانش اقبال عطاری

الحمدللہ، اس سہ ماہی میں دارالمدینہ نے تعلیمی، انتظامی اور ڈیجیٹل ترقی کے متعدد اہم مراحل عبور کیے۔ یہ کامیابیاں نہ صرف ہماری Management کی محنت بلکہ والدین، اساتذہ اور طلبہ کے مسلسل اعتماد کا نتیجہ بھی ہیں۔



ہماری نئی ویب سائٹ کا اجرا اس سہ ماہی کی نمایاں کامیابیوں میں سے ایک ہے۔ Improved user interface ، modern layout اور Updated functionalities کے ساتھ یہ پلیٹ فارم والدین، طلبہ اور visitor کو زیادہ آسان اور موثر ڈیجیٹل تجربہ فراہم کرتا ہے۔ یہ قدم ہماری ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے سفر میں ایک بڑی پیش رفت ہے۔

اس سہ ماہی میں دارالمدینہ نے اپنے نئے لوگو کو launch کیا جو نہ صرف ہماری ترقی کا نشان ہے بلکہ جدید تقاضوں کے مطابق آگے بڑھنے کے ہمارے عزم کی علامت بھی ہے۔ 2011 سے آج تک ہمارا سفر اسلامی اقدار، تربیت اور معیاری تعلیم پر قائم ہے۔ نیا لوگو ہماری Sustainability، Quality education، Global Presence اور international connectivity نمائندگی کرتا ہے۔ ان شاء اللہ یہ نئی شناخت دارالمدینہ کے مستقبل کو پہلے سے زیادہ مضبوط بنیاد فراہم کرے گی۔

الحمدللہ، Parents School Application بھی launch کر دی گئی ہے۔ اس کا مقصد والدین اور اسکول کے درمیان رابطے کو مزید مؤثر بنانا، معلومات کی فراہمی کو آسان کرنا اور تعلیمی معاملات کو ایک مربوط نظام کے تحت لانا ہے۔ اب والدین Parents School Application کے ذریعے اپنے موبائل فون کی اسکرین پر بچے کی پروگریس، حاضری، ہوم ورک اور دیگر معلومات فوری طور پر دیکھ سکتے ہیں۔ اس Application کے ذریعے بچے کے اسکول پہنچتے ہی والدین کو حاضری کا نوٹیفکیشن موصول ہو جائے گا، جس سے انہیں اطمینان اور باخبر رہنے میں مزید سہولت ملے گی۔ مجھے امید ہے کہ یہ Application آنے والے وقت میں والدین کے لیے ایک قابلِ اعتماد اور سہل ڈیجیٹل پلیٹ فارم ثابت ہو گا۔

اس کے علاوہ اب ہم اپنے بچوں کے لیے **Cartoon Series** کا آغاز بھی کرنے جا رہے ہیں، جس کے ذریعے بچوں کو تعلیمی، دینی اور اخلاقی بنیادوں پر فائدہ پہنچے گا اور ساتھ ہی اس **Series** میں **Public Service Message** بھی شامل کیا جائے گا تاکہ بچوں میں مثبت سوچ اور شعور بیدار ہو سکے۔

مزید ہم نے پرائمری اور سیکنڈری کے لیے ماہانہ نیوزلیٹر **(Monthly Newsletter)** کا بھی آغاز کر دیا ہے۔ یہ اقدام بچوں کی حوصلہ افزائی اور والدین کو بروقت آگاہی فراہم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔







یہ سہ ماہی ہمارے لیے خوشی اور فخر کا باعث بھی بنی، جب پاکستان میتھ چیلنج **2025** کے گرینڈ فائنل میں دارالمدینہ کے تین طلبہ نے اول پوزیشن حاصل کی۔ میں ان باصلاحیت طلبہ، ان کے اساتذہ اور متعلقہ ٹیموں کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ ان کی یہ کامیابی نہ صرف انفرادی محنت کا نتیجہ ہے بلکہ دارالمدینہ کے مضبوط تعلیمی معیار اور مسلسل جدوجہد کی بھی عکاس ہے۔

آخر میں، میں دارالمدینہ کے تمام والدین، اساتذہ، اسٹاف اور طلبہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی حمایت اور محنت سے ہم اپنے مشن کو کامیابی کے ساتھ آگے بڑھا رہے ہیں۔ ان شاء اللہ، آنے والے مہینوں میں ہم مزید ترقی، جدت اور مضبوط تعلیمی خدمات کے ساتھ آپ کے سامنے ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اخلاص، استقامت عطا فرمائے اور بہتری کی راہوں پر ہمیشہ قائم رکھے۔ جزاکم اللہ خیراً

# راہِ تربیت

ذہین اور ایکٹیو بچے گھر بھر کی آنکھ کا تارا بن جاتے ہیں، جہاں بچوں کی شرارتیں دلوں کو موہ لیتی ہیں اور لبوں پر مسکراہٹ بکھیر دیتی ہیں وہیں بعض اوقات بڑے نقصان کا سبب بھی بن جاتی ہیں، اسی ڈر کی وجہ سے بعض والدین بچوں کے ہر کام پر بے جا پابندیاں عائد کر دیتے ہیں اور بات بات پر ان کو جھڑکتے اور ڈانٹتے ہیں جس سے بچوں میں ضد اور کئی نفسیاتی مسائل پیدا ہو جاتے ہیں، اس وقت والدین کو حکمت سے کام لینا چاہیے اور بچوں کو سمجھانا چاہیے، اس مضمون کو پڑھ کر آپ کچھ ایسے ہی پر حکمت طریقے سیکھ سکتے ہیں۔

## 1 نعم البدل فراہم کریں
Provide a substitute



جب بچہ کوئی ایسا کام کرے جو آپ کو پسند نہ ہو یا بچے کے لیے مناسب نہ ہو تو فوراً یہ نہ کہیں: مت کرو، یہ نہ کرو! بلکہ اس کی توجہ کسی دوسرے کام کی طرف کروائیں: مثلاً دیوار پر کلر پینسل سے کلر کرنے لگے تو اسے سمجھائیں: اگر یہ کلرنگ آپ کاغذ پر کریں گے تو بہت اچھی لگے گی، آؤ! ہم مل کر کاغذ پر کلرنگ کرتے ہیں، یا کلرنگ بُکس گھر میں لا کر رکھ دیں اور اس موقع پر بچے کو وہ بکس دیں، اس طرح بچے میں خود اعتمادی بھی پیدا ہو گی۔

## 2 وجہ سمجھائیں
Explain the reason



بچہ آپ کی بات نہ مانے تو اس کام کا نقصان اور نتیجہ اس کے سامنے بیان کریں کہ یہ کام کرنے سے آپ کو کیا نقصان پہنچ سکتا ہے مثلاً! اگر کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ نہیں دھوؤگے تو بیمار پڑ جاؤگے، اور پھر کڑوی کسیلی گولیاں اور سیرپ پینا پڑیں گے، آپ کو پرہیز کرنا پڑے گا آپ اپنی من پسند کی چیزیں نہیں کھا سکیں گے وغیرہ وغیرہ الغرض بچوں کو لوجیکل انداز میں سوچنا سکھائیں۔

## 3 پیار اور نرمی سے سمجھایئے



ہر بات سختی سے نہیں سمجھائی جاتی آپ اپنے رویّے اور لہجے میں نرمی لائیں کبھی بچّے کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر، کبھی اس کا ہاتھ نرمی سے پکڑ کر، کبھی اسے سینے سے لگا کر کبھی اس کی پیشانی چوم کر اس سے نرم لہجے میں بات کریں مثلاً: آپ کا بچّہ دوسرے بچّے کو تنگ کر رہا ہے اور اسے یہ کام کرنے میں مزہ آرہا ہے تو اسے اپنے پاس بلا کر بانہوں میں بھر لیں اور تھوڑا سا بھینچ لیں یا اسے تھوڑی سی گدگدی کریں اور کہیں: میں آپ کو تنگ کروں، پھر دوسرے بچّوں کے ساتھ مل کر کھیلنے کا اسے طریقہ بتائیں۔

## 4 فوراً ردِّ عمل نہ دیں

### Don’t react immediately



کبھی بچّہ غلط کام کر بیٹھے یا ایسی حرکت کر گزرے جو آپ کو سخت ناپسند ہو یا گھر میں کوئی چیز توڑ دی تو فوراً غصّہ نہ کریں، 5 یا 10 سیکنڈ کا انتظار کریں اس دوران دو تین گہرے سانس لیں، بچّے کے چہرے کے تاثرات بغور دیکھیں پھر نرمی سے ردِّ عمل دیں۔ اس سے بچّے کے دل و دماغ پر والدین کی گفتگو کا اچھا اثر پڑتا ہے اور ماحول بگڑنے سے بچتا ہے۔

## 5 عمل کو بُرا کہیں، بچّے کو نہیں

### Criticize the action, not the child



بچّے کی اصلاح ضرور کریں مگر اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ان کی شخصیت کو بُرا نہ کہیں بلکہ ان کے سامنے اس عمل کو بُرا کہیں مثلاً: تم بہت بد تمیز ہو! تم اتنا چیخ کر بات کیوں کرتے ہو، یہ مت کہیں بلکہ خود نرم لہجے میں یوں کہیں: چیخنا اچھے بچّوں کا کام نہیں ہے اچھے بچّے نرمی سے بات کرتے ہیں ہمیں نرمی سے بات کرنی چاہیے۔ اس سے بچّے کو خود اپنی غلطی کا احساس ہوگا اور وہ اصلاح کو قبول کرے گا۔

## 6 کہانی سنا کر یا مثال دے کر سمجھائیں
Explain by telling a story or giving an example



بار بار نصیحت کرنا بھی بچوں کو چڑ چڑا بنا دیتا ہے، بچے ان نصیحتوں کو سن تو لیتے ہیں لیکن اپنا قدم عمل کی طرف نہیں بڑھاتے، اس لیے انہیں کہانیوں کے ذریعے بھی سکھائیں۔ مثلاً: ریحان ایک بہت اچھا بچہ تھا ایک مرتبہ اس نے کھیل کے دوران دوستوں سے ایک بات کہی تو سب نے اس کی بات مان لی، اس کو یہ بہت اچھا لگا، اب وہ ہر بات میں اپنی چلانے لگا اور کہتا: جو میں کہہ رہا ہوں بس وہی صحیح ہے تم سب بھی وہی مانو، آہستہ آہستہ سب دوستوں نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا اور وہ اکیلا رہ گیا، آخر کار اس نے سب دوستوں سے معافی مانگ لی، سارے دوستوں نے اسے معاف کر دیا اور سب مل جُل کر کھیلنے لگے۔ اور آخر میں بچوں سے یہ بھی پوچھیں: اس کہانی سے ہمیں سیکھنے کو کیا ملا؟ اس طریقے سے بچے فوراً متوجہ ہوتے ہیں اور سیکھنے میں دل لگاتے ہیں اور خود نتیجہ اخذ کرتے ہیں۔

## 7 بچے کی پسند پر بات کریں



دو اچھی چیزیں بچے کے سامنے رکھ کر اسے اختیار دیں کہ وہ اپنے لیے کون سی چیز خود پسند کرتا ہے، مثلاً دو کھلونے سامنے رکھ کر اختیار دیں آپ کو کون سا کھلونا لینا چاہیے، جب بچہ ایک کھلونے کو اختیار کر لے تو اس سے سوال کریں: آپ نے اس کھلونے کو کیوں لیا دوسرے کو کیوں چھوڑ دیا، اس کی کیا وجہ ہے؟ اس سے بچے میں اپنا نفع نقصان سمجھنے کی صلاحیت بیدار ہوگی اور وہ ذمّہ داری بھی سیکھے گا۔

## 8 روحانی اور اخلاقی تربیّت
Spiritual and moral training



بچوں کو سمجھائیں کہ اللہ ہمیں اور ہمارے ہر کام کو دیکھ رہا ہے، وہ ہماری ہر بات سنتا ہے، اس لیے بُرے کام سے دُور رہیں، کیا آپ یہ چاہیں گے کہ اللہ آپ سے ناراض ہو جائے؟، اسی طرح بھی یوں سمجھائیں: اللہ کے پیارے نبی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہر اچھی بات کو پسند کرتے تھے اس لیے اچھے اچھے کام کرنے چاہئیں، اس سے بچوں کے دل میں خوفِ خدا اور محبّتِ رسول پیدا ہوتی ہے۔

## 9 دعا کرنا مت بھولیں
## Don't forget to pray



حدیثِ پاک میں ہے: دُعا مومن کا ہتھیار ہے (مسند ابو یعلیٰ، 2/201، حدیث:1806)

لہٰذا روزانہ اپنے بچوں کے لیے دُعا ضرور کریں، اے اللہ! میرے بچوں کو اچھا اور نیک بنا دے، ان کی بُری عادتیں ختم ہو جائیں، سب کے ساتھ مل جُل کر رہیں، انہیں نمازی بنا دے۔ جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے بھی اپنی اولاد کے لیے دُعا کی تھی:

﴿رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ﴾

ترجمہ کنزالعرفان:
اے میرے رب! مجھے اور کچھ میری اولاد کو نماز قائم کرنے والا رکھ۔ (پ13، ابراہیم:40)

## بچوں کے لیے Cartoon Series کا آغاز







آج کے دور میں بچوں کو درپیش سب سے بڑا مسئلہ غیر معیاری اور غیر مؤثر ڈیجیٹل مواد ہے، جو نہ صرف ان کی توجہ کو منفی سمت میں لے جاتا ہے بلکہ اخلاقی اور تعلیمی تربیت میں بھی بگاڑ پیدا کرتا ہے۔ اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے دارالمدینہ بچوں کے لیے ایک نئی اور بامقصد Cartoon Series کا آغاز کر چکا ہے۔

یہ کارٹون سیریز بچوں کو تعلیمی، دینی اور اخلاقی بنیادوں پر فائدہ پہنچانے کے لیے تیار کی جارہی ہے، جہاں Simple style اور Stories کے ذریعے بچوں کی سوچ کو مثبت سمت دی جائے گی۔

اس سیریز کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں Public Service Messages بھی شامل کیے جائیں گے، تاکہ بچوں میں اچھے رویے، سماجی ذمہ داری اور شعور کو فروغ دیا جاسکے اور روزمرہ زندگی کے مسائل کو آسان انداز میں حل کرنے کی تربیت دی جاسکے۔

اس Cartoon Series کا مقصد بچوں کو محض تفریح فراہم کرنا نہیں بلکہ انہیں ایسا معیاری مواد دینا ہے جو بچوں کی شخصیت سازی میں مؤثر کردار ادا کرے۔

ان شاء اللہ، دارالمدینہ کی یہ کارٹون سیریز بچوں کے لیے ایک محفوظ، مثبت اور فائدہ مند ڈیجیٹل متبادل ثابت ہوگی اور نئی نسل کی فکری و اخلاقی تربیت میں اہم سنگِ میل بنے گی۔

# Hifz Program

آج کے والدین ایک بڑے چیلنج کا سامنا کر رہے ہیں... کیا بچہ جدید تعلیم حاصل کرے؟ یا قرآنِ پاک حفظ کرے؟ اکثر اوقات ایک راستہ اختیار کرنے کے لیے دوسرے کو قربان کرنا پڑتا ہے۔ یا تو حفظ رہ جاتا ہے... یا اکیڈمک تعلیم متاثر ہو جاتی ہے۔

اسی مسئلے کا جامع اور عملی حل پیش کیا دارالمدینہ نے... دارالمدینہ نے 2023 میں **Hifz Program** کا آغاز کیا — ان بچوں کے لیے جو اسکول کی تعلیم کے ساتھ ساتھ قرآنِ پاک بھی حفظ کرنا چاہتے ہیں۔

الحمدللہ! یہ پروگرام آج پنجاب کے متعدد کیمپسز میں کامیابی سے جاری ہے اور تیزی سے مزید کیمپسز تک پھیل رہا ہے۔ **2023** میں آغاز کے بعد اب تک **15** بچے قرآنِ پاک حفظ کر چکے ہیں اور یہ مبارک سلسلہ مسلسل جاری ہے۔

دارالمدینہ میں طالبِ علم صرف حافظِ قرآن ہی نہیں بنتا... بلکہ اس کی اکیڈمک تعلیم بھی پوری توجہ کے ساتھ جاری رہتی ہے۔ یعنی دین اور دنیا دونوں کا حسین امتزاج۔

حفظِ قرآن مکمل تجوید اور درست مخارج کے ساتھ کروایا جاتا ہے اور تکمیل کے بعد ان حُفاظ کا امتحان گورنمنٹ سے منظور شدہ کنزالمدارس بورڈ (دعوتِ اسلامی) سے لیا جاتا ہے۔ ساتھ ہی اکیڈمک ایجوکیشن **Quality Standards** کے مطابق دی جاتی ہے۔ اسلامی ماحول، جدید نصاب اور **Trained Teachers** مل کر بچوں کی مکمل شخصیت سازی کرتے ہیں۔

الحمدللہ! سینکڑوں بچے پہلے ہی دارالمدینہ کے اس منفرد نظام سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اب آپ بھی اپنے بچے کے لیے دین اور دنیا دونوں کی کامیابی کا انتخاب کریں۔

دارالمدینہ حفظ پروگرام — جہاں تعلیم بھی، تربیت بھی، اور قرآن بھی۔



## No Admission Fee

Valid till the end of Ramadan

## 25% Discounts

in Monthly Fee

Offer is for the new admissions only.

**ENROLL NOW**

0313-2626024

www.darulmadinah.net

# دارالمدینہ

## Parents School Application کا اجراء

آج کے مصروف دور میں والدین کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں، حاضری اور اسکول سے متعلق اہم معلومات سے بروقت باخبر نہیں رہ پاتے۔ اسی ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دارالمدینہ نے ایک اہم اور عملی قدم اٹھایا ہے۔دارالمدینہ نے والدین اور اسکول کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط، تیز اور مؤثر بنانے کے لیے **Parents School Application** لانچ کر دی ہے۔

اس جدید **Application** کے ذریعے والدین کو ایک ہی پلیٹ فارم پر تمام سہولیات اور معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ اس ایپ میں




- **Notifications & Circulars** کے ذریعے اہم اعلانات
- بچے کی **Progress Report**
- روزانہ کی **Attendance Tracking**
- والدین کے لیے **Feedback System**
- آن لائن **Fee Voucher** کی سہولت
- آن لائن **Leave Application**
- اور روزانہ کا **Homework** باآسانی دستیاب ہوگا۔

اب جیسے ہی بچہ اسکول پہنچے گا، والدین کو فوری طور پر حاضری کا نوٹیفکیشن موصول ہو جائے گا، جس سے نہ صرف اطمینان حاصل ہوگا بلکہ بچے کی تعلیمی سرگرمیوں پر مسلسل نظر رکھنا بھی ممکن ہو سکے گا۔

یہ **Application** تعلیمی معاملات کو ایک مربوط نظام میں لانے کے ساتھ ساتھ معلومات کی فراہمی کو بھی آسان بناتی ہے، تاکہ والدین کسی بھی وقت اپنے موبائل فون کی اسکرین پر اپنے بچے کی مکمل تعلیمی صورتحال دیکھ سکیں۔

امید ہے کہ دارالمدینہ کی **Parents School Application** آنے والے وقت میں والدین کے لیے ایک قابلِ اعتماد، سہل اور مؤثر ڈیجیٹل پلیٹ فارم ثابت ہوگی اور تعلیمی نظام کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

# جامعہ امام اعظم (عراق) کے معزز وفد کا
## دارالمدینہ Head Office کا دورہ

عراق کے جامعہ امام اعظم کالج سے تعلق رکھنے والے دو رکنی وفد نے دارالمدینہ ہیڈ آفس کا Visit کیا۔ اس وفد میں شعبۂ عربی زبان کے سربراہ ڈاکٹر مشتاق عماد الدوسری اور گریجویٹ اسٹڈیز کے پروفیسر ڈاکٹر اسعد عبدالعلیم السعدی شامل تھے۔

معزز مہمانوں کا دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک ایجوکیشن سسٹم کے سی ای او ڈاکٹر دانش اقبال عطاری نے پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران وفد نے دارالمدینہ ایجوکیشن سسٹم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور ادارے کے تعلیمی و انتظامی ڈھانچے کو سراہا۔ اس موقع پر معزز مہمانوں نے دارالمدینہ کے سی ای او کو عراق میں اپنی یونیورسٹی کے دورے کی دعوت بھی دی، جو دونوں اداروں کے درمیان تعلیمی روابط کے فروغ اور مستقبل میں باہمی تعاون کی جانب ایک اہم قدم ہے۔










Dar-ul-Madinah












Qadri


Qadri

# امریکہ مشاورت کے وفد کا دارالمدینہ Head Office کا دورہ

دعوتِ اسلامی امریکہ مشاورت کے اسلامی بھائیوں نے دارالمدینہ ہیڈ آفس کا دورہ کیا، جس میں امریکہ مشاورت کے نگران حافظ نصیر احمد عطاری، فیضان ویک اینڈ اسلامک اسکول UK کے Country Head مزمل عطاری کے ساتھ دیگر ذمہ داران بھی شامل تھے۔ معزز وفد کو دارالمدینہ کے مختلف شعبہ جات کا وزٹ کروایا گیا، جہاں انہوں نے ادارے کی تعلیمی، انتظامی اور تربیتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر امریکہ میں Faizan Weekend Islamic School کی سرگرمیوں اور دارالمدینہ کی توسیع (Expansion) کے حوالے سے مشاورت بھی ہوئی۔







# دارالمدینہ بنگلہ دیش کی ٹیم کا دارالمدینہ Head Office کا دورہ

دارالمدینہ ہیڈ آفس میں دارالمدینہ بنگلہ دیش کی ٹیم نے دورہ کیا۔ اس وفد میں دارالمدینہ کے **Country Head** بلال عطاری اور بنگلہ دیش کے دیگر ذمہ داران بھی شامل تھے۔ اس دوران ذمہ داران نے دارالمدینہ کے مختلف شعبہ جات کا وزٹ کیا اور شعبہ جات کے ساتھ تفصیلی **Meetings** بھی کی گئیں، جس میں دارالمدینہ بنگلہ دیش کے تعلیمی نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے مشاورت کی گئی۔ مزید رہنمائی کے لیے شعبہ جات کے ساتھ **Online Meetings** بھی منعقد کی جائیں گی۔ یہ بامقصد دورہ دارالمدینہ کے تعلیمی مشن کو عالمی سطح پر مضبوط بنانے اور تعلیم و تربیت کے سفر کو کامیابی کی راہ پر آگے بڑھانے کا ایک اہم قدم ہے۔













# DAR-UL-MADINAH
INTERNATIONAL ISLAMIC SCHOOL SYSTEM

# ADMISSIONS OPEN
SESSION 2026-27

## Choose Your Child's Future Today!

# EDUCATION & TARBIYAH



### Salient Features

- Quranic Education
- Focus on Tarbiyah
- Robotics
- STEAM Based-Education
- AI & Digital Skills
- Co-curricular Activities
- Holistic Development

**ENROL NOW**

0313-2626024

www.darulmadinah.net

Follow us on

# دارالمدینہ کے طلبہ کی شاندار کامیابی
# Pakistan Maths Challenge 2025

دارالمدینہ کے باصلاحیت طلبہ نے **Pakistan Maths Challenge 2025** کے گرینڈ فائنل میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک بھر کے مختلف اسکولوں کے **770** شرکاء میں سے اعلیٰ پوزیشنز حاصل کیں۔ یہ مقابلہ آن لائن منعقد ہوا اور طلبہ کی علمی مہارت اور ریاضی میں مہارت کو اجاگر کیا۔

دارالمدینہ کے **Maths Champion** کی محنت اور لگن نے اُنہیں اس نمایاں کامیابی تک پہنچایا۔ اسکول انتظامیہ نے طلبہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اُنہیں دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں مستقبل میں بھی کامیابیوں سے نوازے۔ اس شاندار کارکردگی نے دارالمدینہ کے تعلیمی معیار اور طلبہ کی قابلیت کو ایک بار پھر نمایاں کیا۔



# حفظُ القرآن کے ساتھ تعلیمی امتیاز۔
# دارالمدینہ کے طلبہ کی شاندار کامیابی

دارالمدینہ نے اپنے حفظُ القرآن کے دوسرے بیچ کے طلبہ کو نہ صرف قرآنِ پاک کی مکمل حفظ کے لیے بلکہ اپنی تعلیمی سرگرمیاں کامیابی سے مکمل کرنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔

اس کامیابی نے دارالمدینہ کے طلبہ کی علمی محنت اور روحانی لگن کو اجاگر کیا۔ یہ طلبہ نہ صرف دینی تعلیم میں بلکہ دنیاوی تعلیم میں بھی نمایاں کارکردگی دکھا رہے ہیں، جو ان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ اللہ تعالیٰ ان طلبہ کو قرآنِ پاک کی برکتیں ان کی ذاتی اور سماجی زندگیوں میں ہمیشہ شامل رکھے اور انہیں مزید کامیابیوں سے نوازے۔



Muhammad Siddique Umar
DURATION 270 DAYS
Age: 13 Years City: Lahore



Muhammad Hasan Raza
DURATION 377 DAYS
Age: 12 Years City: Multan



Muhammad Waqas Raza
DURATION 377 DAYS
Age: 13 Years City: Multan



Muhammad Madni
DURATION 377 DAYS
Age: 14 Years City: Multan



Abdul Wahab
Class: VI | Age: 12 Years
City: Rawalpindi



Muhammad Ali Kamran
Class: VI | Age: 12 Years
City: Rawalpindi



Ghayoor Hussain
Class: VI | Age: 12 Years
City: Rawalpindi



Muhammad Noran Asif
Class: VI | Age: 14 Years
City: Lahore



Muhammad Shams ud Duha
Class: VI | Age: 13 Years
City: Rawalpindi



Ahmed Raza
Class: VI | Age: 14 Years
City: Rawalpindi



Muhammad Usaid Raza
Class: VI | Age: 14 Years
City: Rawalpindi

# نارتھ ناظم آباد کیمپس کے ننھے ایکسپلوررز کا Elixir Zoo Karachi کا معلوماتی دورہ

کراچی: نارتھ ناظم آباد کیمپس کے ننھے طلبہ، جنہیں ایکسپلوررز کہا جاتا ہے، نے حال ہی میں Elixir Zoo Karachi کا ایک شاندار اور معلوماتی دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران بچوں نے مختلف جانوروں اور انواع کو قریب سے دیکھا اور ان کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔

یہ دورہ نہ صرف بچوں کے لیے سیکھنے کے عمل کو دلچسپ بنانے کا سبب بنا بلکہ انہیں قدرتی ماحول اور حیوانات کے بارے میں عملی علم بھی فراہم کیا۔ بچوں نے زو میں مختلف جانوروں کی عادات، ان کی خوراک اور رہن سہن کے بارے میں دلچسپ معلومات حاصل کیں، جس سے ان کے تجسس اور سیکھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوا۔










EMU











FISS

Essential Education with Tarbiyah

# FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM

DAWAT-E-ISLAMI

Follow us on facebook
FaizanIslamicSchoolSystem

# فیضان اسلامک اسکول سسٹم

فیضان اسلامک اسکول سسٹم نے نئے تعلیمی سیشن **2026-27** کے لیے داخلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ والدین اپنے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے رجسٹریشن کروا کر انہیں معیاری تعلیم اور تربیت فراہم کرنے والے ماحول سے مستفید کر سکتے ہیں، جہاں تعلیم کے ساتھ اخلاق اور دینی تربیت کو بھی اولین ترجیح دی جاتی ہے۔










**رجسٹریشن اور مزید معلومات کے لیے والدین درج ذیل نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں 0313-2625016**

# فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں دو نئے کیمپسز کا آغاز

فیضان اسلامک اسکول سسٹم اپنے تعلیمی نیٹ ورک کو مزید وسعت دیتے ہوئے دو نئے کیمپسز کا آغاز کرنے جا رہا ہے۔

نئے قائم ہونے والے کیمپسز کی تفصیل درج ذیل ہے:

- سنگھوئی کیمپس
- معراج کیمپس (جہلم)

ان نئے کیمپسز کے قیام کا مقصد مزید علاقوں میں معیاری، دینی و عصری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، تاکہ زیادہ سے زیادہ طلبہ فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے منظم اور مؤثر تعلیمی نظام سے مستفید ہو سکیں۔

فیضان اسلامک اسکول سسٹم تعلیمی ترقی، اخلاقی تربیت اور تعلیمی سہولیات کے فروغ کے سفر کو مسلسل آگے بڑھا رہا ہے۔






# فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے بلوچستان کیمپسز میں PMM اور انسپیکشن کا انعقاد

ماہ اکتوبر میں فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے بلوچستان کے تمام کیمپسز میں **PMM (Performance Monitoring Meeting)** اور انسپیکشن کا اہتمام کیا گیا۔ اس تعلیمی و انتظامی جائزے کی نگرانی صوبائی ذمہ دار ثقلین مدنی نے کی۔ انسپیکشن کے دوران تعلیمی، انتظامی اور تدریسی نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ کیمپس انتظامیہ کو تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے اہم رہنمائی بھی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر اساتذہ کی کارکردگی، طلبہ کی تعلیمی پیش رفت اور نظم وضبط کے مختلف پہلوؤں کا بھی مشاہدہ کیا گیا۔
















# فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے تمام کیمپسز میں
# نومبر کے دوران رزلٹ ڈے اور PTM کا انعقاد

ماہِ نومبر میں فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے تمام کیمپسز میں Result Day اور PTM (Parent Teacher Meeting) کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر والدین کو طلبہ کی تعلیمی کارکردگی، نتائج اور مجموعی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا، جبکہ اساتذہ اور والدین کے درمیان مؤثر تبادلہ خیال کے ذریعے بچوں کی تعلیمی بہتری کے لیے رہنمائی بھی فراہم کی گئی۔













TO


GROW


TO


PARENTS
CONNECT
TEACHERS
STUDENTS





# فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے پنجاب، کے پی کے اور کشمیر کیمپسز میں PMM اور انسپیکشن کا انعقاد

ماہ دسمبر میں فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے پنجاب، خیبر پختونخوا اور کشمیر کے تمام کیمپسز میں **PMM (Performance Monitoring Meeting)** اور انسپیکشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس تعلیمی و انتظامی جائزے کی نگرانی **Education Head** محمد زوہیب، **Subject Specialist** محمد عمیر اور **Operational Head** محمد دانش نے کی۔
دورے کے دوران تعلیمی معیار، تدریسی نظام، انتظامی امور اور طلبہ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ کیمپس انتظامیہ اور اساتذہ کو تعلیمی بہتری اور مؤثر نظام کے حوالے سے اہم رہنمائی بھی فراہم کی گئی۔










داخلوں کا آغاز
ہو چکا ہے! برائے سیشن: 2026-27
ایک فیصلہ کامیاب کل کی
بنیاد بن سکتا ہے! اپنے بچوں کو
تعلیم و تربیت کے ساتھ
روشن مستقبل کی ضمانت دیں۔
دیر نا کیجیے!!
داخلے محدود ہیں۔۔۔
FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
DAWAT-E-ISLAMI
0313 - 2625016 | Follow us on